سبق - 4

# درزی

(د ڈ ذ ر ڑ ز ژ)




SCERT TELANGANA

## سنیے - بولیے

(الف) تصویروں کے بارے میں طلبا سے گفتگو کی جائے۔

1۔ تصویر میں آپ کیا دیکھ رہے ہیں؟

2۔ لڑکا کیا کر رہا ہے؟

3۔ ہاتھی کپڑوں پر پانی کیوں ڈال رہا ہوگا؟

4۔ اگر آپ اس جگہ ہوتے تو کیا کرتے؟

(ب) آیئے اب ہم ایک درزی اور ہاتھی کی کہانی سنتے ہیں۔

ذاکر ایک درزی تھا‘ اس کی دوستی ایک ہاتھی سے تھی۔ ذاکر اپنے دوست ہاتھی کو روزانہ کیلا کھلایا کرتا تھا۔ ہمیشہ کی طرح ایک دن ہاتھی درزی کی دُکان پر پہنچا۔ اس دن ذاکر کے بجائے اس کا بیٹا ریحان دُکان پر بیٹھا تھا۔ ہاتھی کو آتا دیکھ کر ریحان کو شرارت سوجھی۔ کیلا کھلانے کے بجائے ریحان نے اس کی سونڈ میں ایک بڑی سوئی چبھودی اور زور زور سے ہنسنے لگا۔

ہاتھی کو غصہ آیا‘ لیکن وہ وہاں سے چپ چاپ چلا گیا۔ تالاب سے اپنی سونڈ میں گندہ پانی لے کر آیا اور دُکان میں موجود تمام نئے اور سلے ہوئے کپڑوں پر ڈال دیا۔ سارے کپڑے گندے ہوگئے۔ یہ دیکھ کر ریحان رونے لگا۔ ہاتھی سونڈ اُٹھا کر خوشی سے جھومنے لگا۔

(ج) بچوں کی زبانی یہ کہانی سنیے۔ اور مختلف سوالات کیجیے۔

(د) ذ‘ ڈ‘ ز‘ ز‘ سے شروع ہونے والے ذیل کے الفاظ طلبا سے کہلوائیں۔ حروف کی آواز سے واقف کروائیں‘ اور مزید اسی طرح کے لفظ سوچ کر بتانے کی ترغیب دیں۔



دادا

| | | | |
|---|---|---|---|
| د | ا | د | ا |



ڈول

| | | |
|---|---|---|
| ڈ | و | ل |



روٹی

| | | | |
|---|---|---|---|
| ر | و | ٹ | ی |



زمین

| | | | |
|---|---|---|---|
| ز | م | ی | ن |

(ہ) آواز کی پہچان کے بعد حروف ذ‘ ڈ‘ ز‘ ز‘ جلی حروفوں میں تختۂ سیاہ پر لکھے جائیں۔

SCERT TELANGANA



## پڑھیے

(الف) تصویریں بتا کر ان کے نام پوچھیے۔






دُکان ڈول ریل




پہاڑ ژراف

(ب) تصویروں کی مدد سے جملے پڑھوائیے۔






درزی ناپ لے رہا ہے

درزی کپڑے سی رہا ہے

درزی کپڑے کاٹ رہا ہے

(ج) تصویریں بتا کر طلبا سے جملے کہلوائیے۔ کہے گئے جملوں کو تختۂ سیاہ پر لکھیے اور پڑھوائیے۔ ان جملوں میں د ڈ ر ژ سے شروع ہونے والے لفظوں کی نشان دہی کروائیے۔



SCERT TELANGANA



## لکھیے

(الف) ذیل میں دیے گئے حروف صاف خط میں لکھوائیے۔

د ڈ ذ ر ڑ ز ژ

(ب) طلبہ سے ذیل کے حروف ملا کر لکھوائیے۔

ڈ: ر — ور — ول

د: رزی — رد — وری

ر: وپ — ات — وزی


(ج) جدول میں دیے گئے حروف کی مدد سے الفاظ لکھوائیے

مثال: در

| | | |
|---|---|---|
| ز | ڈ | د |
| ڑ | ر | ب |
| آ | پ | ذ |

SCERT TELANGANA

(ه) تصویروں کے نام لکھ کر جملے مکمل کروائیے۔

1۔  کپڑے سیتا ہے۔

3۔ سپاہی  کھاتا ہے۔

________ کپڑے سیتا ہے۔

سپاہی ________ کھاتا ہے۔

2۔  میں پانی ہے۔

4۔ جنگل میں  ہے۔

________ میں پانی ہے۔

جنگل میں ________ ہے۔

(و) ذیل کے الفاظ کی مدد سے خالی جگہوں کو پُر کروائیے۔

ڈور    دوڑ    زرد    ڈال    ژراف

1۔ پتنگ کی ______ لانبی ہے۔

3۔ پھول ______ ہے۔

2۔ اکبر ______ رہا ہے۔


4۔ چڑیا ______ پر ہے۔

5۔ ______ کی گردن لانبی ہوتی ہے۔



سوچیے

طلبا سے کہیں کہ نقطوں کو ملا کر تصویر مکمل کریں، رنگ بھریں اور نام لکھیں۔



SCERT TELANGANA